13/05/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **اعجازہ اختر**

لیفٹننٹ گورنر

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت آج کپواڑہ میں منشیات مخالف پد یاترا کو صبح ساڑھے دس بجے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا ۔ ہمارے نمائندے رفیق احمد نے خبر دی ہے کہ ایل جی نے پَد یاترا کو روانہ کرنے سے پہلے وہاں موجود لوگوں اور شرکاءکو نشہ مکت ابھیان کامیاب بنانے کا عہد دلایا ۔

انہوں نے کہا کہ ڈرگ سمگلروں کے خلاف کڑی کاروائی سے گریز نہیں کیا جا ئے گا تاہم اس بدعت کے شکار افراد کی باز آباد کاری کے لئے مناسب کاروائیاں جاری رہیں گی ۔

بھی تقسیم Sanction Letters منوج سنہا کپواڑہ میں مرکزی سکیموں کے کئی مستحقین میں کررہے ہیں ۔

TB پروگرام کے تحت موبائل Vibrant Villages بعد میں لیفٹنٹ گورنر ضلعے کے ترہگام میں کو بھی جھنڈی دکھائیں گے ۔ Screening Van

نشہ

منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کاروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے ہندواڑہ میں نذیر احمد پیر کی 15 لاکھ روپے اور شوپیان میں ارشد احمد ڈار نامی ڈرگ سمگلر کی دس لاکھ روپے مالیت کی جائیداد اٹیچ کی ہے ۔

گاندربل ، اونتی پورہ اور پلوامہ میں پولیس کے اہتمام سے منشیات مخالف بیداری پروگرام منعقد کئے گئے ۔

سوپور میں پولیس نے نگروٹہ جموں کے رہنے والے محمد سلطان ملک نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے ۔

بانڈی پورہ میں پولیس نے بھنگ کی کاشت کو تباہ کر دیا ۔

کمیٹی

جل جیون مشن سے متعلق اسمبلی کی
ہاو

---

س کمیٹی کے چیئرمین جسٹس حسنین مسعودی کی قیادت میں کمیٹی نے چرار شریف کے مختلف ۂ
علاقوں کا دورہ کر کے وہاں مشن کی عمل آوری کا جائزہ لیا ۔ دورے کے دوران کمیٹی کے
ارکان نے ڈاڈ اومپورہ ، ناگام اور زالوسہ علاقوں میں پینے کے پانی کی فراہمی کے لئے مختلف
سکیموں اور پائپ لائن بچھانے کے عمل کا بھی جائزہ لیا ۔

ڈپٹی کمشنر بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے بیروہ کا دورہ کرکے نالہ سکھ ناگ پر زیرِ تعمیر مرکزی
پ

---

ل کے کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ حکام اور تعمیراتی ایجنسیوں ±
پ

---

ل کی تعمیر بروقت مکمل کرنے کی ہدایت دی تاکہ بیروہ اور ملحقہ علاقوں کے عوام جلد از جلد ±
بہتر رابطہ سڑکوں اور محفوظ سفری سہولیات سے مستفید ہو سکیں۔

ڈپٹی کمشنر کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے قومی سرینگر جموں قومی شاہراہ پر حادثات کے لیے حساس
منی گام کراسنگ کا دورہ کیا اور وہاں صورتحال کا جائزہ لے کر روڈ سیفٹی اقدامات کے تحت
ضروری اصلاحی تدابیر کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

مقامی باشندوں سے بات چیت کے دوران ڈپٹی کمشنر نے منی گام کراسنگ پر پیش آنے والے بار
بار سڑک حادثات سے متعلق ان کے خدشات کو غور سے سنا۔ مقامی لوگوں نے ٹریفک کی روانی
کو بہتر بنانے اور مسافروں کی حفاظت یقینی بنانے کے لیے منی گام کراسنگ سے نیپورہ
کراسنگ تک علیحدہ سروس روڈ تعمیر کرنے کا مطالبہ کیا۔

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ کا دورہ کرکے 11 اور 12 مئی کی درمیانی شب ایک مدرسے میں پیش آئی آگ کی وارادت میں جھلس کر زخمی ہوئے افراد کی عیادت کی۔

انہوں نے طبی عملے کو ہدایت دی کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جانی چاہییں۔

ڈپٹی کمشنر نے اسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور مریضوں نیز ان کے تیمارداروں کے لئے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے
ٹاو

---

پر مبنی ماسٹر پلان بانڈی پورہ کے لئے GIS -2026 ن پلاننگ آرگنائزیشن کشمیر کے تیار کردہ؛ 2046 کے ڈرافٹ پر وابستہ متعلقین کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران تبادلہ خیال کیا۔ اس دوران انہوں نے کہا کہ سٹیک ہولڈرز اور عوام سے موصول ہونے والی تجاویز کو ماسٹر پلان کے ڈرافٹ میں شامل کیا جائے گا۔ Revised

ایس ایس پی کولگام

ایس ایس پی کولگام عنایت علی چودھری نے پولیس افسران کی ایک میٹنگ میں ضلع میں آئندہ کے پروگراموں کے لیے اختیاکیے جانے والے مجموعی سکیورٹی انتظامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

میٹنگ کے دوران افسران نے موجودہ سکیورٹی صورتحال اور درپیش چیلنجز کے ساتھ ساتھ ان سے نمٹنے کے اقدامات پر غور و خوض کیا۔ ایس ایس پی نے سکیورٹی گرڈ کا ازسرِ نو جائزہ لینے اور اسے مزید مضبوط بنانے پر زور دیا۔

حج کمیٹی

UPSC نے Residential Coaching Institute جموں کشمیر حج کمیٹی کے زیر اہتمام حج ہاوس امتحانات کی خاطر تیاری کرنے والے خواہشمند امیدواروں کی کوچنگ کے لئے JKPSC اور درخواستیں طلب کی ہیں ۔ درخواستیں آف لائن موڑ کے ذریعے آج یعنی 13 مئی سے 22 مئی تک جمع کرائی جا سکتی ہے ۔ داخلہ امتحان 25 مئی کو ہو گا اور داخلے کا عمل 8 جون تک مکمل

کیا جا ئے گا ۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ مذکورہ انسٹیچوٹ میں کوچنگ کے لئے 50 نشستیں دستیاب ہیں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

************